
لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ
لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ
اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

نقشہ حج کے بعد عمرہ کرنیوالوں کیلئے
انمول تحفہ

# آؤ عُمرہ کریں

مختصر آسان



نہایت آسان

# طریقہ عمرہ

قدم بہ قدم

1. غسل کریں یا وضو کریں
2. عمرہ کا احرام باندھ لیں
3. دو رکعت نماز نفل ادا کریں
4. عمرہ کرنے کی نیت کریں
5. تلبیہ پڑھیئے
6. مسجد حرام میں داخل ہوتے وقت دعا پڑھیئے
7. جب بیت اللہ پر پہلی نظر پڑے تو دعا کیجئے
8. عمرہ کا طواف کریں
9. دو رکعت مقام ابراہیم کے قریب ادا کریں
10. آبِ زم زم سیر ہو کر پیئیں
11. صفا و مروہ کی سعی کریں
12. حلق یا قصر کروائیں (خواتین تقریباً ایک انچ بال کاٹیں)
13. اب احرام کھول دیجئے
14. آپ کا عمرہ مکمل ہوگیا

**عمرہ مبارک ہو**

# عمرہ کے مختصر اور اہم مسائل

i بغل کے بال، زیرِ ناف بال اور ناخن وغیرہ کٹوائیں۔

ii احرام باندھنے کی نیّت سے غُسل کرنا افضل ہے اگر نہ ہو سکے تو وضو کرلیں، اب احرام باندھ لیجیے۔

iii اگر مکروہ وقت نہ ہو تو احرام کی چادر سے ہی سَر ڈھانپ کر دو رکعت نفل بانیّت احرام پڑھیئے اور
سلام پھیرتے ہی سَر سے کپڑا ہٹا لیں۔

iv اب عُمرہ کی نیّت کریں اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُرِیْدُ الْعُمْرَۃَ فَیَسِّرْھَا لِیْ وَتَقَبَّلْھَا مِنِّیْ۔
(یا اللہ میں عُمرہ کی نیّت کرتا/کرتی ہوں پس اِس کو میرے لئے آسان بنا دے اور میری طرف سے قبول فرما)

v اس کے بعد تلبیہ لَبَّیْكَ اللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ لَبَّیْكَ لَاشَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ
وَالْمُلْكَ لَاشَرِیْكَ لَكَ تین مرتبہ پڑھیں۔ (مرد حضرات کیلئے بلند آواز سے تلبیہ پڑھنا سُنّت ہے)

vi مکہ مکرمہ پہنچنے تک تلبیہ پڑھتے رہیں۔ اور اب تلبیہ پڑھتے ہوئے حرم شریف کی طرف جائیں۔

vii ادب و احترام کے ساتھ مسجد الحرام میں داخل ہوتے وقت یہ دُعا پڑھیں۔
بِسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ رَبِّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

viii جونہی بیت اللہ پر نظر پڑے تو اس پر نگاہ جما دیں اور اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھنے کے
بعد خوب دُعا مانگیں۔

ix اس کے بعد سیدھے حجرِ اسود کی طرف آیئے۔ اب تلبیہ پڑھنا بند کر دیں اور اضطباع کر لیجیے۔ (یعنی احرام
کی چادر داہنی بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈالنا)

x پھر حجرِ اسود کے مقابل اس طرح کھڑے ہوں کہ آپ کا داہنا کندھا حجرِ اسود کے بائیں کنارے

سیدھ پر ہو اور حجرِ اسود کی لائن آپ کے دائیں طرف رہے ۔

پھر عمرہ کے طواف کی نیّت کرنے کے بعد ذرا دائیں طرف ہٹ کر حجرِ اسود کے بالکل سامنے کھڑے ہو کر دونوں ہاتھ کانوں تک اُٹھا کر بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ کہیے ۔

اگر موقع ملے تو آگے بڑھ کر ادب سے حجرِ اسود کو بوسہ دیجیے ورنہ استلام کیجیے (یعنی دونوں ہاتھوں کا حجرِ اسود کی طرف اشارہ کر کے پھر ہاتھ کی ہتھیلیوں کو چوم لینا)

1 ■ طواف عمرہ حجرِ اسود سے شروع کریں ۔ ■ عمرہ کے طواف کے سات چکر لگائیں ۔

■ پہلے تین چکروں میں مردوں کیلئے رمل کرنا (یعنی پہلوانوں کی طرح ٹہل ٹہل کر چلنا) سُنّت ہے ۔

■ دورانِ طواف تیسرا کلمہ پڑھیں اور خوب دُعائیں مانگیں ۔

2 رُکنِ یمانی سے حجرِ اسود تک ہر چکر میں رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا ۔ الخ پڑھیں ۔

3 آٹھویں استلام کے بعد مقامِ ابراہیم کی طرف جاتے ہوئے پڑھیے وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهِیْمَ مُصَلًّی ۔

4 طواف مکمل کرنے کے بعد مقامِ ابراہیم کے نزدیک دو رکعت نماز (طواف) ادا کریں ۔

5 زمزم پر جا کر خوب سیر ہو کر آبِ زمزم پیئیں اور یہ دُعا پڑھیں اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا ۔ الخ

6 حجرِ اسود کا نواں استلام کریں اور سعی کیلئے اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰہِ پڑھتے ہوئے صفا پر چلے جائیں ۔

7 تین مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتے ہوئے صفا و مروہ کی سعی شروع کریں ۔ سعی کے دوران یہ دُعا پڑھیں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ لَہُ الْمُلْكُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ اَنْجَزَ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ وَھَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ ایک چکر صفا سے مروہ تک، پھر مروہ سے صفا تک دوسرا چکر مکمل ہو جائے گا ۔

8 اِس طرح آپ کی سعی صفا سے شروع ہو کر مروہ پر ختم ہوگی۔

9 اَب حلق (یعنی بال کٹوانا) یا قصر (چوتھائی سر کے بال کاٹنا) کرائیں۔

نوٹ: خواتین صرف تقریباً ایک انچ بال کاٹیں گی۔

10 اب احرام کھول دیجئے آپ کا عُمرہ مکمل ہوگیا۔

عُمرہ مُبارک ہو



## مدینہ منورہ روانگی

1 ادب و آداب کے ساتھ درود شریف پڑھتے ہوئے مدینہ منورہ کا سفر کریں۔

2 مدینہ منورہ پہنچ کر سب سے پہلے مسجد نبوی کی زیارت کے لئے جانا چاہیئے۔

3 باب السلام سے مسجد میں داخل ہونا افضل ہے۔

4 دو رکعت نماز نفل تحیۃ المسجد (اگر موقع ملے تو ریاض الجنہ میں) ادا کریں۔

5 بڑے احترام کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مُبارک پر حاضری کیلئے جائیں

6 سب سے پہلے نبی پاک ﷺ کی خدمت میں درود و سلام پھر شیخین اَبُوبکرؓ و عُمرؓ پر سلام بھیجیں۔

7 جنت البقیع کی حاضری دیں۔ صحابہ کرامؓ، ازواج مطہراتؓ خصوصاً سیدنا عثمان غنیؓ اور اُمّ المومنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ کی قبروں پر حاضری دیں



# عمرہ کی دُعائیں



جب احرام باندھنے کا ارادہ (نیّت) کریں تو پہلے غسل کریں اور وضو کرلینا بھی کافی ہے احرام باندھنے کے بعد احرام کی چادر سے سر ڈھانپ کر بانیّت احرام دو رکعت نفل پڑھیئے۔ پہلی رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ اور دُوسری رکعت میں سُورۃ قُلْ هُوَ اللّٰهُ پڑھنا افضل ہے سلام پھیر کر سر سے چادر اُتار دیں اور پھر عُمرہ کی نیّت کی دُعا پڑھیں۔

**عمرہ کی نیت** اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اُرِیْدُ الْعُمْرَةَ فَیَسِّرْهَا لِیْ وَتَقَبَّلْهَا مِنِّیْ۔ اور تین دفعہ تلبیہ پڑھیں:

**تلبیہ** لَبَّیْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ لَبَّیْكَ لَاشَرِیْكَ لَكَ لَبَّیْكَ اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَاشَرِیْكَ لَكَ

**مسجد حرام میں داخل ہونے کی دُعا** بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

**جب بیت اللہ پر نظر پڑے** اَللّٰهُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (تین مرتبہ پڑھیئے اور دعا کریں)

**طواف شروع کرنے کی دُعا** حجرِ اسود کی طرف مُنہ کر کے دونوں ہاتھ کانوں کے برابر اُٹھا کر یہ دُعا پڑھیں

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ (اور حجر اسود کا استلام کریں)

**طواف کی دُعا** سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ (دورانِ طواف تیسرا کلمہ یا کوئی بھی دعا پڑھیے)

**رُکن یمانی سے حجرِ اسود تک کی دُعا** رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ

**مقام ابراہیم کی طرف جاتے ہوئے پڑھیئے** وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهِیْمَ مُصَلًّی۔

**آبِ زمزم پینے کے بعد کی دُعا** اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَاءً مِّنْ کُلِّ دَاءٍ

**حجرِ اسود کا نواں ۹ استلام** اب اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ پڑھتے ہوئے سعی کیلئے صفا پر چلے جائیں۔

**صفا مروہ کی سعی کی دُعا** صفا سے تین مرتبہ اَللّٰهُ اَکْبَرُ کہتے ہوئے سعی شروع کریں اور یہ دُعا پڑھیں لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ

**سبز لائٹوں کے درمیان پڑھیئے** رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَکْرَمُ

ENPRINT 19th November 2006 Version. 5. (2006/07)